برطانیہ کے معروف اشاعتی ادارہ کے اہم ذمہ دار کی آمد :

۵ ستمبر کو حضرت مولانا مدظلہ سے ملاقات کے لئے برطانیہ کے ایک اہم اشاعتی ادارے کے سینئر سربراہ تشریف لائے۔ آپ نے مولانا مدظلہ کے ساتھ مختلف سیاسی اور دیگر اہم امور پر بات چیت کی۔ آپ کے ہمراہ مختلف پاکستانی شخصیات بھی تشریف لائیں۔ آپ دار العلوم کی عالمگیر شہرت اور حضرت مولانا مدظلہ کی شخصیت سے متاثر ہو کر از خود دار العلوم حقانیہ تشریف لائے اور یہاں کے انتظامی اور مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور دار العلوم کے بارے میں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اسی طرح مجلس تحفظ ختم نبوت کے جناب مولانا اللہ وسایا صاحب نے پانچ ستمبر کو بعد از نماز عصر جامع مسجد میں طلباء سے ختم نبوت کے موضوع پر خطاب فرمایا۔

نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب کی وفاق المدارس کی مجلس عاملہ کے اجلاس میں شرکت :

۴ ستمبر کو حضرت مولانا مدظلہ دو روز کیلئے ملتان تشریف لئے گئے۔ آپ نے وفاق المدارس کی مجلس عاملہ کے امتحانی امور کے اجلاس میں شرکت کی۔

افغان جہادی لیڈر مولوی محمد نبی محمدی کے فرزند اور دار العلوم حقانیہ کے طالبعلم مولوی محمد نعیم کی شہادت :

گزشتہ دنوں دار العلوم حقانیہ کے درجہ رابعہ کے طالب علم اور مولوی محمد نبی محمدی مدظلہ کے فرزند محمد نعیم محمدی اسلام آباد میں کار کے حادثے میں انتقال کر گئے۔ مرحوم گزشتہ چار برس سے دار العلوم حقانیہ میں متعلم تھے۔ آپکی شرافت، عمدہ اخلاق اور علم و ادب کیساتھ آپکی وابستگی قابل داد تھی۔ آپکی جواں سال المناک رحلت کی خبر یہاں دار العلوم حقانیہ میں بڑے دکھ اور درد کے ساتھ سنی گئی۔ آپکا جسد خاکی افغانستان میں دفنایا گیا۔ آپ کیلئے ایوان شریعت میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے خصوصی دعائے مغفرت کی۔ ادارہ اس بڑے سانحہ پر حضرت مولانا محمد نبی محمدی مدظلہ اور مولوی حاجی محمد شریف سمیت انکے تمام صاحبزادگان اور پسماندگان کیساتھ اس غم میں برابر کا شریک ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے۔

دار العلوم اور ماہنامہ "الحق" کے انتہائی مخلص جناب کرنل (ر) محمد اعظم صاحب کی علالت :

دار العلوم حقانیہ اور ادارہ الحق کے انتہائی مخلص کرمفرما اور مضمون نگار کرنل محمد اعظم صاحب ان دنوں شدید بیمار ہیں۔ گزشتہ دنوں اچانک بلڈ پریشر بڑھ جانے کے بعد آپ پر فالج کے موذی مرض نے بائیں جانب پر شدید اثر کیا۔ آپکو فوری طور پر نوشہرہ سی ایم ایچ اور بعد میں راولپنڈی سی ایم ایچ میں داخل کیا گیا۔ الحمد للہ اب انکی حالت پہلے سے بہتر ہے۔ ادارہ الحق اپنے اس مخلص ساتھی اور بزرگ رفیق کار کیلئے قارئین الحق سے پرزور دعاؤں کی درخواست کرتا ہے۔ اسی طرح نجم المدارس کلاچی کے نائب مفتی حضرت مولانا قاضی عبد الحلیم صاحب مدظلہ نے اپنی والدہ ماجدہ کی بیماری اور اپنی مشکلات کے حل کیلئے قارئین الحق سے دعا کی درخواست کی ہے۔